12454- غسل کرنے سے قبل عورت کا بچے کو دودھ پلانا جائز ہے

سوال

کیا عورت غسل جنابت کرنے سے قبل اپنا دودھ بچے کو پلا سکتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمدللہ

عورت کا غسل سے قبل بچے کو دودھ پلانا جائز
ہے چاہے وہ غسل جنابت یا حیض یا پھر نفاس کے بعد والا غسل ہو، ان حالات میں بچے کو
دودھ پلانے کے لیے غسل کرنے کی کوئی دلیل نہیں ملتی ۔

بلکہ نماز اور ہر وہ عبادت جس کے لیے طہارت کرنا واجب ہے غسل جنابت کرنا بھی واجب
ہے ، اور حیض اور نفاس والی عورت کو جب حیض یا نفاس ختم ہو تو ان عبادات کے لیے غسل کرنا
واجب ہو گا ، اور اس لیے بھی غسل کرنا واجب ہے تا کہ وہ اپنے خاوند کی وطئ کے لیے
حلال ہو سکے ۔

اسی طرح نفاس اور حیض والی عورت قرآن مجید کے علاوہ ہر چیز کو چھو سکتی ہے صرف
مصحف چھونا حرام ہے ۔

واللہ اعلم .